علامہ اقبال صرف ایک شاعر ہی نہ تھے بلکہ ملتِ اسلامیہ کی اُن سب سے بڑا ہونے والی شخصیتوں میں ان کا مقام بحیثیت مفکر کے بلکہ بہت بلند ہے،

علامہ اقبال جس دور میں پیدا ہوئے، اس وقت عالمِ اسلام مغربی قوتوں کی ریشہ دوانیوں کا شکار ہو کر پستی کی گہرائیوں میں پہنچ چکا تھا،

علامہ نے مغربی تہذیب کی کوکھ سے جنم لینے والے نظریہ قومیت اور وطن کے مُضر زیاں اثرات سے امتِ مسلمہ کو آگاہ کیا، اور اس کے مقابلہ میں اسلام کے نظریہ امت سے امتِ مسلمہ کو روشناس کرایا،

آپ نے اپنی فکر اور عمیق مطالعہ سے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ اسلام کا نظریہ ملت مغرب کے نظریہ وطن سے بالکل جداگانہ چیز ہے، مذہب سے سیاست کی علیحدگی کے بعد مغرب کی تہذیب نے اپنی اجتماعی زندگی میں جو خلا محسوس کیا، اسے پُر کرنے کے لیئے وطنیت کا سہارا لیا گیا،

اس نظریہ کا یہ جلد کر کے عربوں کو ترکوں سے لڑایا اور سلطنتِ عثمانیہ کا شیرازہ بکھیر دیا علامہ اقبال نے اس طرح کے نظریہ وطنیت کی مخالفت کی ہے، اپنے ایک مضمون میں تحریر کیا کہ زمانہ حال کے سیاسی لٹریچر میں وطن کا مفہوم محض جغرافیائی نہیں، بلکہ وطن ایک اصول ہے، ہیئتِ اجتماعیہ انسانیہ کا اور اس اعتبار سے ایک سیاسی تصور ہے، چونکہ اسلام بھی ہیئتِ اجتماعیہ انسانیہ کا ایک قانون ہے، اس لیئے جب لفظ وطن کو ایک سیاسی تصور کے طور پر استعمال کیا جائے تو وہ اسلام سے متصادم ہوتا ہے"

علامہ نے یورپ کی مثال وضاحت سے بیان کی اور لکھا "یورپ کا تجربہ دنیا کے سامنے ہے، جب یورپ کی دینی وحدت پارہ پارہ ہو گئی اور یورپ کی اقوام علیحدہ علیحدہ ہو گئیں، تو ان کو اس بات کی فکر ہوئی، کہ قومی زندگی کی اساس "وطن" کے تصور میں تلاش کی جائے، کیا انجام ہوا اور ہو رہا ہے، ان کے اس انتخاب کا — نظریہ قومیت یورپ کو دھکیل کر کس سمت لے گیا، لادینی دہریت اور اقتصادی جنگوں کی طرف —

اس لئے آپ (اقبال) نے وطنیت کے اس تصور کو تہذیب کا بت قرار دیا —

اسلامی تہذیب ایسی بت شکنی کے لیئے تو سرگرم ہو سکتی ہے شریعت پرستی کے لیئے ان تازہ خداؤں میں بڑا سب سے وطن ہے
جو پیرہن اس کا ہے، وہ مذہب کا کفن ہے،

اقبال کی رائے ہیں، وطنیت کا یہ سیاسی تصور اور مذہب یکجا نہیں رہ سکتے ہیں، وہ فرماتے ہیں" "یورپ کی ملوکانہ اغراض اس امر کی متقاضی ہیں کہ اسلام کی دینی وحدت کو پارہ پارہ کرنے کے لیئے اس سے بہتر اور کوئی حربہ نہیں، کہ اسلامی ممالک میں نظریہ وطنیت کی اشاعت کی جائے" اقبال نے مغربی نظریہ قومیت کے خطرناک رجحانات کو بھانپتے ہوئے ہر وقت ملتِ اسلامیہ کو اس سے دامن بچانے کا مشورہ دیا، کیونکہ اس طرح مسلمان علاقائی وحدتوں میں تقسیم ہو کر خود کو اپنی اجتماعی قوتوں سے محروم کر لیں گے اور اس سے بڑا المیہ ملتِ اسلامیہ کے لیئے کوئی نہیں ہو سکتا ہے، اقبال نے ملتِ اسلامیہ کو یاد دہانی کرائی کہ اسلام ایک کامل ضابطہ حیات ہے، کسی اور نظریہ کو اپنے ہاں جگہ دینا گناہ ہے

باقی صفحہ ۸ پر ملاحظہ فرمائیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

In the name of Allah, the Beneficent, the Merciful

صدائے پاکستان

پندرہ روزہ
اقبال نمبر
۲۱ اپریل ۱۹۷۲ء

ترتیب

۱۔ حکیم الامت شاعر مشرق
۲۔ اقبال کا کارنامہ عظیم، سید ابوالاعلیٰ مودودی
۳۔ اقبال، ایک فنکار، صاحبزادہ علوی
۴۔ اقبال اور نظریہ وطنیت، عظمت فیروز
۵۔ یوم اقبال، خواجہ رشید
۶۔ اقبال کا درس، امین السلام ہاشمی

دعا

یارب دلِ مسلم کو وہ زندہ تمنا دے — جو قلب کو گرما دے جو روح کو تڑپا دے
پھر وادیٔ فاراں کے ہر ذرہ کو چمکا دے — پھر شوقِ تماشا دے پھر ذوقِ تقاضا دے
محرومِ تماشا کو پھر دیدۂ بینا دے — دیکھا ہے جو کچھ میں نے اوروں کو بھی دکھلا دے
پیدا دلِ ویراں میں پھر شورشِ محشر کر — اس محملِ خالی کو پھر شاہدِ لیلا دے
بھٹکے ہوئے آہو کو پھر سوئے حرم لے چل — اس شہر کے خوگر کو پھر وسعتِ صحرا دے
آتش منتشی جسکی کانٹوں کو جلا ڈالے — اس بادیہ پیما کو وہ آبلہ پا دے
رفعت میں مقاصد کو ہمدوشِ ثریا کر — خودداریٔ ساحل دے آزادیٔ دریا دے
اس دور کی ظلمت میں ہر قلبِ پریشاں کو — وہ داغِ محبت دے جو چاند کو شرما دے

میں بلبلِ نالاں ہوں اک اجڑے گلستاں کا
تاثیر کا سائل ہوں محتاج کو داتا دے

محمد ارباب
[illegible]

اندرا گاندھی کی چوری؟

ٹائمز لندن کی اطلاع کے مطابق پچھلے دنوں اندرا گاندھی نے صنعت و تجارت کے بارہ میں جو اہم تجاویز رکھی ہیں وہ تو ایک پاکستانی ماہر اقتصادیات کے مضمون کا حرف بحرف چربہ تھا، یہ مضمون آج سے ۲ ماہ قبل ہانگ کانگ کے ایک رسالہ میں شائع ہوا تھا، ٹائمز آف لندن کے بیان کے مطابق اندرا گاندھی نے پاکستانی ماہر اقتصادیات محبوب الحق کے مضمون کے پیراگراف کے پیراگراف من و عن لفظ بلفظ اپنی تقریر میں نقل کئے ہیں، اندرا گاندھی نے دوسرے ملکوں کی سرحدوں پر ڈاکہ زنی کے بعد ان کے ماہرین کے خیالات کی چوری کا بھی شروع کر دیا ہے۔

اصول ــــــ خان آصف

وراثت کے اصولوں پر کسی وارث کو حق دے کر
بزرگانِ سیاست کی وصیت ٹھیک کر لیجیے
ہمیں بھی ایک دن مل جائے گی کھوئی ہوئی منزل
خدارا آپ پہلے اپنی نیت ٹھیک کر لیجیے

بشکریہ جسارت

ٹورانٹو، ٹورانٹو ہے

مسعود نادر

شامِ اقبال

موسم بہار کی ایک ابتدائی شام کا ذکر ہے، ملک عزیز سے دور ٹورانٹو میں یاد اقبال منانے کا سلسلہ ہوا، شام اقبال تو ہر سو بڑے زندہ دل مناتے ہیں، کینیڈا میں ایسے زندہ دل کہاں؟ مگر جب ۱۵ اپریل کی شام Friends پہنچے، تو زندہ دلان پاکستان نے محفل کو برپا پایا، کچھ تسبیح کے دانوں کی صورت میں جمع ہیں، حال کے اندر اور کہکشاں کی طرح ہال کے اندر گرد نیم تاریک رومانی روشنی میں جلسہ کی کارروائی کا آغاز، کبیر قریشی کی تعارفی تقریر سے ہوا، انہوں نے صدر جلسہ کا تعارف کراتے ہوئے فرمایا آپ نہایت باذوق اور بیدار شخصیت ہیں، یہ ممتاز حسین چوہدری صدارت پر پہلے ہی براجمان تھے، ممتاز حسین نے اپنا مقالہ عطا کیا ـــ عنوان تھا "اقبال بحیثیت شاعر" جس پر حلقہ یاراں کی طرف سے بہت داد ملی، مقالہ سے زیادہ انداز بیان پسند کیا گیا، اس کے بعد سراج الہدا صاحب نے انگریزی میں اقبال کے متعلق خیالات کا اظہار کیا، اس کے بعد نائلہ تنویر نے جو باری کی نعانی پیش کی۔ یہ بہت عمدہ تھی نہایت سے پُر اثر آواز سحر کا رنگ رکھتی تھی ـــ ان کے بعد ہانی حبیب ابن وزاجیہ نظم پیش کی، اور یہ سلسلہ دراز ہوتا گیا تو باجیہ صاحب کہا کہ ہم یہاں اقبال کے متعلق کچھ سننے آئے ہیں، آہ ہر بانی وشتے وہ سلسلہ بند کیا اور اقبال کی غزل ترنم سے سنائی جو بہت عمدہ تھی، اور پسند کی گئی، عاصم حیات صاحب نے ایک مقالہ "ذکر محمد سے منور ہوا سا گلا ہوں میں" پیش کیا ـــ حسب کی گو سے بالا تر تھا اور خالصتاً مصنف کی تھی ـــ رشید حسن نے ترنم سے غزل سنائی جو بہت پسند کی گئی ـــ

اس کے بعد محترمہ ساجدہ علوی نے اپنا مقالہ "اقبال بحیثیت فنکار" پیش کیا جو حاصل محفل تھا ـــ اور شام اقبال کا ماحصل تھا۔ مقالہ شگفتگی اور عالمیت کا حسین امتزاج تھا۔ حاضرین نے نہایت فراخ دلی سے اس کی داد دی، (مدیر خطوط سوسائٹی پاکستان منٹورو) ـــ چند حضرات نے نظمیں پیش کیں ـــ اقبال راہ حصہ شکوہ محبت الملوک سنایا اسد بخاری نے نظم اقبال ہم مصر اشتاق اس کے بعد کبیر قریشی صاحب نے اپنا تفصیلی مقالہ پڑھا کیا ـــ "اقبال اور ہماری الجھنیں" جس کی تمہید بھی خاصی طویل تھی، تقریبہ کچھ اقبال کے متعلق ہماری الجھنوں سے زیادہ متعلق تھا، اس کے بعد مسعود چوہدری نے "اقبال ملت اسلامیہ کے شاعر کی حیثیت سے" یہ مقالہ موضوع بحث بن گیا، اس سے محفل میں جان آگئی ـــ کبیر قریشی نے کہا کہ اقبال بحیثیت فنکار و فلسفہ دان تو معروف ہیں مگر سیاست دان نہیں، اسحاق خان نے کہا کہ اقبال قائد ملت اسلامیہ کی حیثیت سے بھی پہچانے جاتے ہیں، معین الدین صاحب نے بھی ان سے اتفاق کیا، مسعود چوہدری نے اس پر دوبارہ اپنے مقالہ کے بارے میں بتا کر اس کے علاوہ اقبال مسلم لیگ کے صدر رہے اور اسمبلی کے ممبر بھی۔ تصور پاکستان بھی پیش کیا ـــ یہ دو نظم خیال کے لوگ اپنے اپنے نقطہ نظر پہ مضبوطی سے قائم تھے، رشید حسن، اقبال رانا، اسد شریف نے ترنم آواز سے علامہ اقبال کا کلام پیش کیا جو محفل نے بہت پسند کیا ـــ

رات بھیگ چکی تھی، محفل برخواست ہونے والی تھی، ہر ایک ستاران اقبال کے لئے ذکر اقبال کا کافی سلسلہ ہو چکا تھا ـــ "ا" بجے شب محفل برخاست ہوئی، ٹورانٹو میں اپنی قسم کی بہترین ادبی محفل تھی، امید ہے یہ سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔

اوٹاوا ـ پاکستان کے نئے کمشنر کا تقرر کیا گیا، مسٹر جمشید مارکر کینیڈا میں پاکستان کے نئے ہائی کمشنر ہوں گے ـ ۲۲ اپریل تک وہ کینیڈا پہنچ رہے ہیں، موجودہ ہائی کمشنر کا تقرر سیلون میں ہوا ہے، وہ وہاں روانہ ہو چکے ہیں، ادارہ نئے ہائی کمشنر کو خوش آمدید کہتا ہے ـــ

احتجاج کا انوکھا طریقہ

سکھر ۱۱ اپریل (نمائندہ جسارت) آج یہاں فریئر روڈ پر واقع ایک بینک کی شاخ کے ملازمین نے اپنے مطالبات منوانے کے لئے عجیب و غریب طریقہ اختیار کیا بینک کے ملازمین بڑے بڑے بگل اور سیٹیاں لے کر دفتر آئے تھے جنہیں وہ کام کے دوران بجاتے رہتے تھے شور و غل کی وجہ سے نہ صرف بینک کے احاطے میں کسی سے بات کرنا مشکل تھا بلکہ دور دور سے لوگ شور و غل کی وجہ دریافت کرنے آتے جب کسی افسر یا منیجر کا کوئی ٹیلی فون آتا تھا تو ہر تالی ملازمین خوب زور زور سے سیٹیاں بجانے لگتے تھے تاکہ بات نہ ہو سکے۔ انتظامیہ سے مذاکرات کی ناکامی کے بعد احتجاج کا یہ انوکھا طریقہ بینک کی بڑی شاخ کے ملازمین نے شروع کیا۔ اس کے بعد دوسری کئی شاخوں کے عملے نے بھی یہی طریقہ اپنا لیا۔

لاہور، خصوصی فوجی عدالت نے لاہور کے تین جرائد پنجاب پنچ، زندگی اور اردو ڈائجسٹ کے ایڈیٹر اور ناشروں کو حکومت پر تنقیدی مواد شائع کرنے پر ایک ایک سال کی سزا نے قید اور ایک ایک لاکھ روپیہ جرمانہ کی سزا سنائی، ان میں جناب اعجاز حسین قریشی، الطاف حسین قریشی، مجیب الرحمن شامی، حسین نقی، منظور تاند شامل ہیں، آزادی افکار کے خلاف حکومت کے اس طرز پر جملہ پر سارے پاکستان میں احتجاج کیا گیا۔

FOR ALL KINDS OF
MASALA'S DALLS AND
BASMATI RICE AND
CONDIMENTS
COME TO

INDO-PAK TRADING LTD.
111, DUPOND STREET,
TORONTO- 5
Tele: 921-3368

ETOBICOKE
SMOKE AND VARIETY SHOP
133 Martin Grove Ave.
Islington, Ont.
Phone 239-7495

NEW GREENWOOD MARKETERIA
FOR KOSHER MEAT
ALL KINDS OF GROCERY, FRESH FRUIT & VEGETABLES.
1606 QUEEN STREET EAST, TORONTO. TEL:-466-2806

FOR ALL YOUR GROCERY
SHOPPING
PLEASE COME TO US
B & C JUG MILK STORE
334 - WILSON AVE, WEST,
TORONTO.

خطوط آپکے

مجلس ادارت کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں،

محترمی

السلام علیکم

سب سے پہلے میں صدائے پاکستان کے اجراء پر فرینڈز آف پاکستان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، کہ انہوں نے وقت کے تقاضے کو پہچانا اور پاکستان کہ جسکا وجود ہمارے لیئے اپنی جانوں سے بھی زیادہ عزیز ہے، اسے مضبوط بنانے کے واسطے اس ملک سے غیر بھی اس نیک کام کا آغاز کیا ۔ اللہ سے دعا ہے، آپکی کوششوں میں خیر و برکت عطا فرمائے، اس سلسلہ میں چند گزارشات پیش خدمت ہیں، اگر مناسب خاطر ہوں تو شائع کر سکتے ہیں ۔

۱۔ اپنی خبروں کا دائرہ وسیع کیجئے، تمام خبریں محبوب صدر کے گرد گھومتی ہیں، آپ شخصیت پرستی میں اعتدال پیدا کیجئے، اور بالغ نظری سے کام لیتے ہوئے تمام سیاسی فکر کے لوگوں کے نظریات پیش کیجئے،

۲۔ پاکستان اسوقت موت و حیات کی کشمکش میں مبتلا ہے، ان حالات کا تجزیہ کیجئے اور قوم کی بہتری کے لیئے تجاویز پیش کیجئے ۔ تاکہ مسلمانان عالم کی امیدوں کا مرکز تباہی سے بچ جائے،

والسلام مخلص

م، ع، سید

۲۰۰ دور کورٹ روڈ، ٹرانٹو

صلائے عام

ہے یاران نکتہ داں کے لیئے،

اس کالم میں آپ پاکستان اور پاکستانیوں کے معاشی، سماجی، اخلاقی اور معاشرتی مسائل کے متعلق تجاویز پیش کر سکتے ہیں، ادارہ

فولاد سازی کا کارخانہ،

کسی ملک کی صنعتی ترقی میں فولاد سازی کو بنیادی حیثیت حاصل ہے، کوئی ملک اس وقت تک ایک آزاد معیشت کا حامل نہیں ہو سکتا، جب تک اس ملک میں فولاد سازی کی صنعت مضبوط بنیادوں پر قائم نہ ہو،

پاکستان آجکل جن حالات سے دوچار ہے اس میں فولاد سازی کی صنعت کی ضرورت اور بھی بڑھ گئی ہے، پاکستان کا فولاد سازی کا واحد کارخانہ اب دشمن کے قبضہ میں ہے،

پاک سر زمین میں فولاد سازی کی صنعت کی راہ میں سب سے بڑا مسئلہ زر مبادلہ کا حصول ہے، میری ناچیز رائے میں بیرونی ممالک میں مقیم پاکستانی اس کا حل بن سکتے ہیں، اس وقت بیرونی ممالک میں مقیم پاکستانیوں کی تعداد ۵ لاکھ ہے، اگر ان میں ہر ایک شخص ۱۰۰ ڈالر پاکستان بھجوائے تو پاکستان میں پہلا فولاد سازی کا کارخانہ ۲ سال میں تیار ہو سکتا ہے، اس کے علاوہ تمام اسلامی ممالک سے بھی اس ضمن میں سرمایہ لگانے کی اپیل کی جا سکتی ہے، انشاء اللہ وہ بھی مدد کریں گے،

الحاج عبدالحمید، ٹرانٹو
"ممبر شیل ملی کمیٹی"

قطرہ، قطرہ بہم شود دریائے نیل!

"جہاد کرو اپنے مال اور جانوں سے"
ارشاد باری تعالی

مندرجہ ذیل احباب نے پاکستان دفاعی فنڈ میں ماہانہ چندہ دینے کا وعدہ فرمایا ہے، آپ بھی اس کار خیر میں شریک ہو سکتے ہیں، پاکستان ہائی کمیشن کے نام چھپے ہوئے چیک ہم سے طلب فرمائیں، ادارہ

۱۔ محمد آصف بابر،	۵ ڈالر
۲۔ ختنار علی بھٹ،	"
۳۔ میاں محمد شوق،	"
۴۔ رانا اختر علی،	"
۵۔ خواجہ عبدالرشید	"
۶۔ خواجہ عبدالحمید،	"
۷۔ میاں محمد اقبال،	"
۸۔ ریاض جیلانی،	"
۹۔ حبیب الرحمٰن خان،	"
۱۰۔ الحاج عبدالحمید،	"
۱۱۔ چوہدری محمد ارشد	"
۱۲۔ سعید اللہ خان،	"
۱۳۔ شیخ محمد صالح،	"
۱۴۔ شہزادہ محمد انور،	"
۱۵۔ الطاف الرحمٰن خان،	"
۱۶۔ بنی احمد	"
۱۷۔ رفیق چوہدری	"
۱۸۔ مسعود قادر چوہدری	"
۱۹۔ طارق جیلانی	۳ ڈالر
۲۰۔ برکت اللہ خان	"
۲۱۔ سعید بخاری،	۵ ڈالر
۲۲۔ محمد پرویز	۲ ڈالر
۲۳۔ محمد اسلم خان،	۴ ڈالر
۲۴۔ مجاہد حسن	۵ ڈالر
۲۵۔ ن، انیم	

چیک مندرجہ ذیل پتہ سے طلب کریں، فرینڈز آف پاکستان، پوسٹ بکس ۳۰۳ سٹیشن ڈی، ٹرانٹو ۹ ....

مختصرات

از سعیدہ جیلانی

۱۔ حکومت پاکستان کے تازہ اعلان کے مطابق آئندہ پاکستان زر مبادلہ بھیجتے وقت FORM B.V.1 ساتھ بھیجنا ضروری نہیں رہا، بونس کا نرخ ۱۰۵% ہوگا

۲۔ پاکستان سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن یونیورسٹی آف ٹرانٹو کی اطلاع کے مطابق ۱۳ مئی کو "پاکستان کے مسائل اور انکا حل" کے موضوع پر ایک مذاکرہ ۳۳ سینٹ جارج سٹریٹ انٹرنیشنل سٹوڈنٹ سنٹر میں منعقد ہوگا،

۳۔ ہندو پاک کی مشہور خاتون افسانہ نگار محترمہ واجدہ تبسم یورپ کی سیاحت شمالی امریکہ تشریف لائی ہیں، اور آجکل ٹرانٹو میں مقیم ہیں،

۴۔ ڈاکٹر سید اصغر حسین کی شادی ڈاکٹر ستارہ حسین سے حال ہی میں ٹرانٹو میں ہوئی، ادارہ کی جانب سے دلہا اور دلہن کی خدمت میں مبارکباد

۵۔ مجلس ادارت کے ممتاز رکن جناب سعید بخاری حال ہی میں پاکستان تشریف لے گئے ہیں، واپسی پر پاکستان کے حالات کے بارہ میں مفصل رپورٹ پیش کریں گے،

۶۔ تازہ ترین اطلاعات کے مطابق جناب ذوالفقار علی بھٹو کو صدر قومی اسمبلی منتخب کر لیا گیا، ان کو سردار شیر خان مزاری کے مقابلہ میں ۱۰۴ ووٹ ملے،

چھوٹے اشتہارات، اپنے کاروبار کی توسیع کے لیئے صدائے پاکستان میں اشتہار دیجئے،

کشمیر ویلی ریسٹورنٹ

اپنے پسندیدہ، عمدہ اور لذیذ کھانوں کے لیئے ہمارے ہاں تشریف لائیں، بہترین خدمت، مناسب قیمت، پاکیزہ ماحول ہمارا طرۂ امتیاز ہے، ۸۳۰ ینگ سٹریٹ، فون ۹۲۱/۴۳۹۸

اسلامک حلال گوشت سپلائی کمپنی،

برادران اسلام کے لیئے حلال گوشت کی نئی دوکان کھل گئی ہے، براہ کرم ہمیں خدمت کا موقع دیں، ہمارا پتہ :-
969 DOVER COURT Road. TORONTO. فون 535/5118.

خان فوڈ لمیٹڈ،

ہر قسم کے مصالحہ جات، دالوں اور دیگر سامان خورد و نوش کے لیئے ہماری خدمت سے فائدہ اٹھائیں
۱۲۲۴/۲ ینگ سٹریٹ فون ۹۲۰/۹۹۶۳ ! ۲۹۲۹ ڈین فورتھ ایونیو، ٹرانٹو فون ۴۹۹/۳۱۴۷

یکے از مطبوعات فرینڈز آف پاکستان، پوسٹ بکس ۳۰۳ سٹیشن ڈی، ٹرانٹو، ۹، کینیڈا،

بنگلہ دیش میں بے گناہوں کا قتل عام رنگ لا کر رہے گا

صدائے پاکستان

۲۱ اپریل ۱۹۷۴ء

حیات اقبال کے آخری دور سے لیکر آج تک تمام دنیا میں پرستاران اقبال ۲۱ اپریل کو یوم اقبال مناتے ہیں، صدائے پاکستان کا یہ شمارہ مفکر پاکستان اور حکیم الامت کی خدمت میں صدائے پاکستان کا ایک نذرانۂ عقیدت ہے،

مفکر اقبال کے فکر بے کراں سے ہر طبقۂ خیال اور مکتب فکر کے لوگوں نے گوہر آبدار پائے ہیں، پاکستان آج جس پر آشوب دور سے گزر رہا ہے بلکہ پوری ملت اسلامیہ جس طرح لاچار اور بے بس ہے، اس کے پیش نظر فکر اقبال سے ایک بار پھر رہنمائی کی ضرورت محسوس ہوتی ہے،

ع خریدیں نہ ہم جس کو اپنے لہو سے
مسلماں کو ہے ننگ وہ پادشاہی

***

سلطانیٔ جمہور

۲۱ اپریل ۱۹۷۲ء کا دن تاریخ پاکستان کا ایک یادگار دن ہوگا، اس دن آمریت کی ظلمت کی تیرہ سالہ رات کے پہلو سے اقتدار جمہور کی کرن نمودار ہوئی ہے، ہم اسے خوش آمدید کہتے ہیں،

یہ لمحہ عہد نو کا ایک لمحہ ہے، ہم عہد کرتے ہیں کہ اپنی تمام صلاحیتیں ملک پاکستان اور امت مسلمہ کی بھلائی اور بہتری کے لیئے صرف کر دیں گے، دعا ہے اللہ ہمیں استقامت عطا فرمائے،

آمین

• ذکی حسین کے قلم سے •

نام نہاد بنگلہ دیش کے وزیر اعظم شیخ مجیب الرحمٰن نے اخبار الشہاب کو انٹرویو دیتے ہوئے عرب ممالک کے موقف پر سخت نکتہ چینی کی اور کہا کہ "عرب ممالک اسلامی اخوت کے اصولوں کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ اور ان کا یہ موقف مشکوک ہے کہ وہ سامراجیت کے خلاف جنگ کرنے کا عزم رکھتے ہیں۔"

شیخ مجیب الرحمٰن کو عرب ممالک پر خصوصاً پاکستانی موقف کی کھلی ہوئی تائید کی ہے نکتہ چینی کرنے سے قبل یہ بات سوچنا چاہیئے تھی کہ وہ بھارتی پنجہ میں جکڑے ہوئے بنگلہ دیش کو کدھر لئے جا رہے ہیں۔ عرب ممالک کے قطع نظر خود ان کے بنگلہ دیش میں اقتصادی بدحالی اور انتظامی سراسیمگی نے بنگلہ دیش کو کس نازک موڑ پر پہنچا دیا ہے اس کا جائزہ شیخ صاحب خود اپنے ان بیانات کی روشنی میں لیں جن میں وہ بائیں بازو کی جماعتوں کا رونا رو چکے ہیں اور انہوں نے متوازی حکومت کے قیام کا بھی اعتراف کیا ہے۔ قانونی بحران اور نظم کے فقدان سے ان کے بہت سے حامیوں کو سرپا احتجاج بننے پر مجبور کر دیا ہے۔ بھارتی فوجیوں کی نمائشی واپسی اور دوبارہ دو ڈویژن فوج کی آمد اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ امریکی اخبار نیو یارک ٹائمز کے اس اظہار خیال میں بڑی صداقت ہے کہ بھارتی فوج بنگلہ دیش سے واپس ہی نہیں گئی ہے۔ بلکہ میزو بغاوت کا ڈھونگ بنا کر دوبارہ فوج کی آمد کا جو ناٹک رچایا گیا ہے اس کی حقیقت یہ ہے کہ بھارتی فوج اپنی پہلی پوزیشن میں موجود ہے۔

بھارت سے ۲۵ سالہ معاہدہ کرنے کے بعد شیخ مجیب الرحمٰن کے مخالف عناصر بڑی تیزی کے ساتھ متحد ہو رہے ہیں۔ ماہ فروری اور مارچ میں ہونے والی جھڑپیں اس بات کا کھلا ہوا ثبوت ہیں کہ ان کے مخالفوں کی تعداد میں بڑی تیزی کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے۔ کیونکہ ابھی تک ان سے کئے گئے وعدوں کی تکمیل کی صحیح سمت کا تعین بھی نہیں ہو رہا ہے۔ بنگالی گوریلے۔ جو باقاعدہ طور پر منظم ہیں انہیں بھارتی فوج کی مداخلت اور جارحیت قطعی گوارا نہیں ہے۔ جنہوں نے فتح کے نشہ میں دھت ہو کر بہاریوں بلکہ بنگالیوں [illegible]

ہیں اس قدر بے روزگاری اور گرانی کے بارے میں وہ سوچ بھی نہیں سکتے تھے اور نہ انہیں اس بات کی توقع تھی کہ سقوط مشرقی پاکستان کے بعد مسائل حل ہونے کے بجائے اور زیادہ الجھ جائیں گے اور اس حد تک کہ ان پر عرصۂ حیات تنگ ہو جائے۔ اخبار ڈیلی ٹیلی گراف کی نمائندہ خاتون کیلر ہولنگ ورتھ کا یہ کہنا کہ "اب تک بھارتی فوج بہاریوں اور دیگر غیر بنگالیوں کی حفاظت کر رہی تھی ان کے چلے جانے کے بعد مکتی باہنی کو کھلی چھوٹ مل گئی ہے"۔ اس کی تردید اس بات سے ہو جاتی ہے کہ خود بھارتی فوج نے پاکستانی فوجیوں کے کیمپ پر دو بار فائرنگ کر کے جنیوا اور ہنڈ ونگ کے اصولوں کی دھجیاں اڑا کر رکھ دی ہیں تو ان سے یہ توقع کس طرح کی جا سکتی ہے کہ انہوں نے بہاریوں اور غیر بنگالیوں کی حفاظت کی تھی مکتی باہنی کے غنڈوں کو چھٹے دینے والے ہی بھارتی فوجی تھے جنہوں نے ظلم و تشدد کے مظاہروں سے محفوظ ہونے کے لئے مکتی باہنی کو کھلی چھوٹ دے رکھی تھی۔ چٹاگانگ میں کرفیو کا نفاذ اس امر کی دلالت کرتا ہے کہ وہاں کے حالات حکومت کے قابو سے باہر ہیں۔

شیخ مجیب الرحمٰن کا اندرا گاندھی کی موجودگی میں یہ کہنا کہ "سامراجی بنگلہ دیش کی آزادی کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ میں اس کی حفاظت کے لئے مزید ایک کروڑ افراد کٹوا سکتا ہوں"

اس کا واضح پس منظر یہ ہے کہ وہ مستحکم حکومت کے قیام سے مایوس ہو کر اب سیاسی دیوالیہ پن کے اس مرحلہ پر آ گئے ہیں جہاں وہ اپنی مرضی سے کچھ نہیں کر سکتے۔ بات دراصل یہ ہے کہ روس نے بھارت کو اپنے پنجہ میں لے رکھا ہے اور بھارت بنگلہ دیش کی گرفت کو ڈھیلا کرنے کے لئے آمادہ نہیں ہے حالانکہ اس گرفت کے خلاف بلند ہونے والی آواز بنگلہ دیش فوج کی صفوں میں بھی در آ چکی ہے۔ اور کرنل عثمانی کی گرفتاری اس بات کی دلیل ہے۔ شیخ مجیب الرحمٰن کی حکمت عملی جس کی باگ ڈور کا سرا دہلی میں ہے۔ اور وہ چھاپہ مار تحریک سے اس حد تک خائف ہیں کہ انہیں مکتی باہنی پر بھی اعتماد کی تکمیل کے لئے مجبور ہیں۔ اس طرح بنگلہ دیش کی آزادی برقرار رہنے کا کوئی سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔ نیوز ویک کی رپورٹ کی روشنی میں بنگلہ دیش بھوک، بیماری، بے روزگاری، بربادی اور بغاوت کی لپیٹ میں آ گیا ہے۔ مقامی انتظامیہ مسائل حل کرنے میں ناکام ہو چکی ہے پورے علاقہ کی معیشت تباہ ہونے سے عوام خلفشار اور انتشار کا شکار ہیں۔ ان حالات سے فائدہ اٹھانے کے لئے بنگالی بولنے والی روسی ٹیم نے اپنی نظریاتی سرگرمیاں تیز کر دی ہیں اور ان کی پروپیگنڈہ مشنری غذائی قلت اور پانی کی کمیابی سے فائدہ اٹھا کر انتظامیہ ڈھانچہ کو مزید مفلوج بنا رہی ہے۔ دہلی کے مبصرین نے بھی اس حقیقت کا اعتراف کیا ہے کہ بنگلہ دیش میں بھارت کے خلاف رجحانات تیزی کے ساتھ ابھر رہے ہیں۔ جن پر محاذ آرائی کے ذریعہ ہی قابو پایا جا سکتا ہے۔

شیخ مجیب الرحمٰن کی موجودہ بے بسی کی مثال اس سے زیادہ اور کیا واضح ہوگی کہ انہوں نے اسلامی وفد کو اپنے یہاں آنے کی اجازت نہیں دی۔ اس کے بعد بھی وہ عرب ممالک سے اچھے تعلقات کی توقع رکھتے ہیں۔ دراصل مسلم وزرائے خارجہ کی کانفرنس کے فیصلہ کو ٹھکرا کر انہوں نے اپنی بے بسی کی دستاویز پر ایک اور دستخط کر لئے ہیں۔ حالانکہ اس وفد کا مقصد یہ تھا کہ صدر بھٹو اور وزیر اعظم شیخ مجیب کے درمیان مذاکرات کی راہ ہموار کرے۔ اور کروڑ مسلمانوں کے اس دیس کو اسلامی برادری سے الگ تھلگ نہ رہنے دے۔ لیکن شیخ مجیب نے اسے گوارا نہیں کیا جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان پر انتقامی جذبہ غالب ہے۔ اور وہ اس سلسلہ میں اس قدر آگے بڑھ گئے ہیں کہ جنگی قیدیوں پر مقدمہ چلانے کے موقف پر بری طرح اڑ گئے ہیں۔ یکم اپریل کو انہوں نے کھلنا میں جو تقریر کی ہے اس کا ایک ایک لفظ تنگ نظری کا آئینہ دار ہے۔ بنگلہ دیش میں اپنے ہی مخالفین کے قتل عام کا جو حکم دیا ہے اس سے ان کے ذہنی انتشار کا پتہ چلتا ہے اور ان کے نتیجہ میں عوامی لیگی رضاکاروں اور مکتی باہنیوں میں جو تصادم ہو رہے ہیں ان سے رہا سہا امن بھی برباد ہو جائے گا۔ اور حالات قابو میں نہیں رہیں گے۔ مغربی بنگال اور بنگلہ دیش میں چھاپہ مار دو [illegible] اور روز بروز ہیں [illegible] تحریک پھیل رہی ہے۔ شیخ مجیب الرحمٰن ہر اس کا شدید عمل ہے۔ اور وہ یہ دھمکی دینے پر مجبور ہوتے ہیں کہ اگر بنگلہ دیشیوں نے ان کی بات نہ مانی تو وہ مستعفی ہو کر ملک کو اس کی قسمت پر چھوڑ دیں گے۔

لندن کے اخبار آبزرور کی اطلاع کے مطابق شیخ مجیب کو اپنے سیاسی مخالفوں کے علاوہ جن کی قیادت محمد طوہا کر رہے ہیں سب سے زیادہ خطرہ اپنے عوام سے ہے جنہوں نے مدت سے ان کو اپنی آنکھوں کا محور بنا رکھا تھا۔ پھر بھی ان کی بڑی تعداد مسلح ہے جو کسی وقت مجیب کے خلاف ہتھیار اٹھا سکتے ہیں۔ تحریک البدر و الشمس کے رضاکار میزو قبائلیوں سے مل گئے ہیں اور محب وطن بنگالیوں کی جانیں بچا رہے ہیں لیکن بھارتی فوج دندنا رہی ہے۔

وہ بنگالی اور غیر بنگالی کا بھی امتیاز نہیں کرتی۔ نوجوان لڑکیوں کو برہنہ کر کے مخصوص بازاروں میں پہنچایا جاتا ہے۔ جہاں کھلی بولی لگتی ہے۔ اور احتجاج کرنے کی صورت میں انہیں گولی سے اڑا دیا جاتا ہے۔ اغوا اور عصمت دری کی وارداتوں کا شمار ہی ممکن نہیں ہے۔ عزت کی موت کی خاطر عورتوں نے خودکشی کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ غرض کہ نام نہاد بنگلہ دیش میں آگ لگی ہے۔ اور انسانیت اس میں جل رہی ہے۔ شاید طوفان و سیلاب کا پانی بھی اس آگ پر قابو نہ پا سکے گا۔ اور شیخ صاحب نیرو کی طرح اپنی تماشائی بنے رہیں گے۔ چونکہ یہ بدترین حالات انہیں کے پیدا کردہ ہیں۔ اسی لئے ان کی زبان سے اسلامی اخوت کے اصولوں کی خلاف ورزی کا گلہ کسی طرح بھی زیب نہیں دیتا۔

فرینڈز آف پاکستان کے مقاصد

۱۔ اہل پاکستان کے درمیان رابطہ قائم کرنا
۲۔ پاکستان کے لیئے زر مبادلہ کا حصول،
۳۔ غیر ملکی پریس میں نظریۂ پاکستان کا دفاع کرنا اور قومی نقطۂ نظر کی وضاحت کرنا

اگر آپ ان اصولوں سے اتفاق کرتے ہیں تو صدائے پاکستان اپنی نظریات کا ترجمان ہے، اس کے مستقل خریدار بنیئے، چھ ماہ کا چندہ ۱۰ ڈالر رہے،

آرڈر فارم برائے "صدائے پاکستان" پوسٹ بکس ۳۲۳ سینٹینل وی، برانچ ۹

Name ______ نام
Address ______ پتہ
Telephone ______ ٹیلیفون

مجلس ادارت،
خواجہ عبدالرشید، عظمت فیروز، غلام محی الدین ملک،
سعید بخاری، لطیف ارائیں، عقیل میر (ناظم طباعت)

ڈرافٹ

صدائے پاکستان

آئین جواں مرداں حق گوئی و بیباکی
اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی
اقبالؒ

اقبال نمبر

ہدیہ ۱۰ سینٹ

شمارہ ۳ — ۲۱ اپریل ۱۹۷۲ء — جلد ۱

پیپلز پارٹی نے عبوری دستور کے مسودہ میں نیپ کی بعض ترمیمات قبول کر لیں

قومی اسمبلی نے مارشل لا جاری رکھنے کی منظوری دیدی تو ہم خیال پارٹیاں آئندہ لائحہ عمل تیار کریں گی: ولی خان

گورنروں کی تقرری کے سلسلہ میں تمام صوبوں میں یکساں طریقہ اختیار کیا جائے

قومی اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر صدر کا بیان افسوسناک ہے: نیپ کے سربراہ کی پریس کانفرنس

راولپنڈی ۱۳ اپریل (پ پ) نیشنل عوامی پارٹی کے سربراہ خان عبدالولی خان نے کہا ہے کہ کل کا دن پاکستان کی تاریخ میں یادگار ہوگا کیونکہ ۲۴ سال میں پہلی بار ایک ایسی قومی اسمبلی کا اجلاس شروع ہوگا جو براہ راست انتخاب کے ذریعہ منتخب کی گئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ نیپ اور جمعیت علماء اسلام کو انتہائی مسرت ہے کہ انھوں نے ملک کو جمہوریت کی راہ پر ڈالنے کی جو کوششیں کیں وہ بار آور ہوئی ہیں ولی خان نے آج شام اپنے ہوٹل میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیپ اور جمعیت کو مسرت ہے کہ وہ مارشل لا کو ایوان اسمبلی میں لے آنے میں کامیاب ہو گئیں۔ اور اب یہ فیصلہ دینا عوام کے نمائندوں کا کام ہے کہ وہ مارشل لا برقرار رکھنا چاہتے ہیں یا نہیں۔ ولی خان نے صدر کے اس بیان کا ذکر کیا جو کل انھوں نے پیپلز پارٹی کے ممبران قومی اسمبلی اور اخبار نویسوں کے سامنے دیا تھا۔ انھوں نے کہا میں کہہ کر قومی اسمبلی کا اجلاس شروع ہونے کے موقع پر صدر بھٹو کے بیان کا جواب دینا نہیں چاہتا تھا کیونکہ میں چاہتا ہوں کہ اسمبلی میں ہم آہنگی کی فضا قائم رہے۔

مقدمات ضرور چلایا جائیگا

ڈھاکہ ۱۳ اپریل (پ پ / اف پ) نام نہاد بنگلہ دیش کے وزیراعظم شیخ مجیب الرحمن نے کل دیناج پور میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے ایک مرتبہ پھر کہا ہے کہ پاکستانی قیدیوں پر جنگی جرائم کے الزام میں مقدمہ ضرور چلایا جائیگا صدر بھٹو کو مقدمہ چلائے بغیر انکی واپسی پر اصرار نہیں کرنا چاہیئے شیخ مجیب نے کہا جب تک میں زندہ ہوں ان قیدیوں کو مقدمہ چلائے بغیر نہیں چھوڑا جائیگا کل ڈھاکہ میں اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے پناہ گزین شہزادہ صدرالدین کے اعزاز میں دیئے گئے ایک عشائیہ میں تقریر کرتے ہوئے وزیر خارجہ عبدالصمد آزاد نے کہا کہ فوجی حکومت کے مظالم کی یاد ابھی تازہ ہے اور اب مغربی پاکستان میں موجود بنگالیوں کی جانیں بھی خطرہ میں پڑ گئی ہیں انہوں نے تبادلہ آبادی کے سوال کو موجودہ دور کے انسانی مسائل میں سب سے زیادہ تکلیف دہ ...

روس اور عراق میں دفاعی معاہدہ ہوگیا

بغداد ۱۰ اپریل (اے پ / رائٹر) عراق اور روس نے گزشتہ روز ۱۵ سال کے لئے دوستی اور تعاون کے ایک معاہدے پر دستخط کئے جس معاہدہ میں فریقین کی دفاعی صلاحیت کو بھی مستحکم کرنے کی بھی کوشش رکھی گئی ہے معاہدے پر روسی وزیر اعظم الیکسی کوسیجن اور عراق کے صدر احمد حسن البکر ...

آغا شاہی کی جگہ اخوند مستقل نمائندے ہونگے

اسلام آباد ۱۵ اپریل (اے پ پ) ترجمان وزارت خارجہ نے آج یہاں بتایا ہے کہ حکومت پاکستان نے مسٹر اقبال احمد اخوند کو جو اس سے پہلے یوگوسلاویہ میں پاکستان کے سفیر تھے، مسٹر آغا شاہی کی جگہ اقوام متحدہ نیویارک میں پاکستان کا سفیر اور مستقل نمائندہ مقرر کیا ہے۔

ڈھائی لاکھ ایکڑ زمین

ہاریوں میں تقسیم کرنے کا فیصلہ

کراچی ۱۰ اپریل (اسٹاف رپورٹر) سندھ لینڈ کمیشن کے ایک اجلاس میں مارشل لا ریگولیشن نمبر ۶۴ کے تحت حاصل ہونے والی ۲ لاکھ پچاس ہزار ایکڑ زمین ایسے کسانوں کو دینے کا فیصلہ کیا گیا جن کے پاس زمین نہیں ہے۔ اجلاس میں صوبہ بھر میں زرعی اصلاحات کے فوری نفاذ کے لئے اپیل اور نظر ثانی کی مدت ۱۰ دن سے گھٹا کر ۷ دن کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔

بنگلہ قومیت کا رجحان دم توڑ رہا ہے

شیخ مجیب بے دست و پا ہو کر رہ گئے ہیں

صحافیوں پر مظالم شروع ہو گئے

لندن ۱۰ اپریل (اے پ پ) برطانوی اخبار ٹائمز نے لکھا ہے کہ بنگلہ دیش ایک بار پھر تباہی کے کنارے پہنچ گیا ہے دہلی سے ٹائمز کے نامہ نگار پیٹر ہیزل ہرسٹ نے اپنی رپورٹ میں لکھا ہے کہ بنگلہ دیش کی آزادی کے موقع پر لوگوں میں جو خوشی اور مسرت کے جذبات پائے جاتے تھے وہ ابھی سے ختم ہو گئے ہیں اور ان کی جگہ بے اطمینانی کی لہر دوڑ گئی ہے جس نے بنگلہ قومیت کے مضبوط رجحان کو بھی توڑنا شروع کر دیا ہے خوراک کی شدید قلت ہے بھارت نے بنگلہ دیش کو لاکھوں ٹن غلہ دینے کا وعدہ کر رکھا ہے لیکن بنگالیوں کا کہنا ہے کہ آج تک اس سلسلے میں کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا بندرگاہیں ناکارہ پڑی ہیں اور برسات شروع ہونے کے بعد آئندہ کئی ماہ تک بندرگاہوں کی صفائی کی توقع بھی ختم ہو جائے گی بنگلہ دیش میں افسر شاہی کا زبردست رسوخ حاصل ہے اخبارات پر پابندی ہے وہ کوئی نکتہ چینی نہیں کر سکتے شیخ مجیب الرحمن اب ایک ویسی ہی آمریت کے پروردہ نوکر شاہی کے علاوہ عوامی لیگ کے انتہا پسندوں کے سامنے بھی بے دست و پا ہیں بنگلہ دیش آبزرور سابق پاکستان آبزرور کے ایڈیٹر مسٹر عبدالسلام کو ہٹا کر برطرف کر دیا گیا ایک اور جریدہ ہفت روزہ ہالیڈے کے ایڈیٹر عنایت اللہ خان کا کہنا ہے کہ انہیں پاکستانی فوج کا ساتھی قرار دینے کی کوشش کی جا رہی ہے حالانکہ ان کے اخبار کو یحییٰ حکومت نے بند کر دیا تھا اور پاکستانی فوج نے انہیں گرفتار کرنے کی کوشش کی تھی۔ ہالیڈے کے ایڈیٹر نے مزید بتایا کہ انہیں زدوکوب کرنے کی دھمکی دی گئی لیکن میں نے مجیب کو پیغام بھیج دیا ہے کہ بنگلہ دیش میں اسلحہ کی کمی نہیں ہے میرے ساتھ زیادتی کا بدلہ لیا جائے گا۔

صدر بھٹو مجیب سے ملاقات کے خواہاں ہیں

بھارت کو جنیوا کنونشن کی توضیح میں اختلاف ہے

سوئیزرلینڈ کے ایلچی کا انکشاف

برلن ۱۰ اپریل (اے پ پ / رائٹر) بھارت اور پاکستان کے لئے سوئیزرلینڈ کے خصوصی ایلچی ہیر ہیکلر نے کہا ہے کہ صدر بھٹو شیخ مجیب الرحمن سے ملاقات کر کے باہمی اختلافات کو دور کرنا چاہتے ہیں ہیر ہیکلر نے جو کل ہی بھارت اور پاکستان کے دو ہفتے کے دورے کے بعد واپس پہنچے ہیں پریس کانفرنس میں بتایا کہ صدر بھٹو کا کہنا ہے کہ میں نے شیخ مجیب الرحمن کو رہا کر کے فراخدلی کا مظاہرہ کیا ہے اور اب بنگلہ دیش کے رہنماؤں کی طرف سے بھی اسی جذبہ اور طرز عمل کا منتظر ہوں۔ بھارت نے انہیں ذاتی طور پر جنگی قیدیوں کے کیمپ میں جانے کی اجازت نہیں دی تاکہ ذاتی طور پر قیدیوں سے انکے حالات معلوم کر سکیں چنانچہ انہوں نے بتایا کہ مجھے جنیوا کی بین الاقوامی ریڈ کراس کمیٹی کے نمائندوں کی فراہم کردہ اطلاعات پر انحصار کرنا پڑا سوئس ایلچی نے کہا کہ میرے جنیوا کنونشن کی دفعات کی تشریح کے سلسلے میں سوئیزرلینڈ اور بھارت کے درمیان اختلاف ہے اس دفعہ کے تحت حقوق کا تحفظ دینے والے ملک کے نمائندوں کو جنگی قیدیوں کے کیمپوں کا دورہ کرنے کی اجازت ہونی چاہئے بھارت اس وضاحت کو تسلیم کرنے پر آمادہ نہیں ہے۔

ہم بدلہ لیں گے اور انشاء اللہ فتحیاب ہونگے

بھارت سے آنے والے زخمی سپاہیوں کے انٹرویو

ہمیں شہیدوں کا نہیں آدھا ملک جانے کا غم ہے

فوجی ملک کے وقار کی خاطر عمر بھر بھارت کی قید میں رہنے کو تیار ہیں

کراچی ۱۰ اپریل (ریڈیو رپورٹ) بھارت کی قید سے رہا ہونے والے پاکستانی فوجیوں نے اپنے بیانات میں ناقابل تسخیر عزم و ہمت کا اظہار کیا ہے ان سپاہیوں نے یہ عہد کیا ہے کہ ہم انشاءاللہ جیت جائیں گے۔ اور فتح ہماری ہوگی۔ آج ریڈیو پاکستان نے ان سپاہیوں کے انٹرویو نشر کیے حوالدار محمد رمضان نے کہا ہے کہ ہمیں مشرقی پاکستان کی جنگ میں شہید ہونے والوں کا غم نہیں ہے لیکن اپنے علاقے کے دشمن کے قبضے میں چلے جانے کا غم ضرور ہے ہم ہار نہیں سکتے تھے لیکن جو کچھ ہونا تھا ہوگیا آگے اللہ مالک ہے۔ حوالدار محمد خان نے کہا کہ ہم بھارت کی قید میں رہ کر بھی اپنے ملک کی بڑی فکر کرتے تھے کرانٹ مین حلو احمد نے کہا کہ ہم نے حوصلہ نہیں ہارا ہے ہم اپنے ملک کا بدلہ لیں گے سپاہی ... نے بڑے جوش سے انداز میں کہا کہ ہم انشاءاللہ ضرور جیتیں گے ہم انشاءاللہ ضرور جیتیں گے ہم نے ہمت نہیں ہاری ہے ہم اپنے ملک کے وقار کیلئے اپنی جان بھی قربان کر دیں گے ایف سی تاج محمد خان نے کہا کہ میرے زخمی ہونے کے باوجود ہتھیار ڈالنے پر تیار نہ تھا لیکن حکومت نے ہمیں ہتھیار ڈالنے کا حکم دیدیا ہم اب بھی لڑنے کیلئے تیار ہیں۔ ایک اور سپاہی نے کہا کہ ہم نے یہ کبھی محسوس نہیں کیا کہ ہم اکیلے ہیں وہ ہمارے دوسرے بھائی ہیں وہ پاکستان کیلئے اپنی جان و مال قربان کرنے کیلئے تیار ہیں۔ لیکن کسی کی غلامی کو قبول کرنے کیلئے تیار نہیں ہیں بحریہ کے محمد ... نے کہا کہ بھارت کی قید میں رہتے ہوئے ہمیں نے دوسرے سپاہیوں سے ملاقاتیں کیں ان تمام سپاہیوں نے کہا کہ ہم ساری عمر انڈیا میں رہنے کو تیار ہیں لیکن اپنے ملک کے وقار کو خراب نہیں ہونے دیں گے۔ سپاہی محمد عارف نے کہا کہ ہمارے ساتھیوں کا حوصلہ بہت بلند ہے ... اپنے ملک کی عزت پر آنچ نہیں آنے دیں گے۔ ایک اور سپاہی نے کہا کہ ہم آئندہ بھی دشمن سے لڑیں گے آخر میں سپاہی اللہ یار خان نے کہا کہ ہمارے حوصلے بہت بلند ہیں۔

"حکومت اگر اخراجات میں کمی سے کنٹرول نہ کر سکی تو ہم اپنے بنگلے کو ریسٹ ہاؤس بنا دیں گے"